**A-0698**

Total No. of Pages: 2 Roll No...................

# MAUL-508

## Master of Art (M.A.23)

## Second Semester Examination, (December) 2024

## (Paper-4th Tanqeed)

ایم.اے.اُردو، سمسٹردوم چوتھا پرچہ - تنقید

Time: 2 Hours Maximum Marks-70

---

نوٹ:۔یہ پرچہ حصہ(الف)اور(ب)پر مشتمل ہے۔ہر حصّے کے سوالات کے جوبات متعلقہ ہدایات کے مطابق دیجیے۔

2x19=38 **حصّہ(الف)**

مندرجہ ذیل میں سے صرف دوسوالات سے جوابات دیجیے۔ہر سوال ۱۹ نمبر کا ہے۔

سوال نمبرا۔ تنقید کے لغوی معنی اوراس کے اصلاحی مفہوم میں کیافرق ہے؟ اورادب میں تنقید کا اصل مقصد کیا ہوتا ہے ؟ وضاحت کریں۔

سوال نمبر۲۔ ''موازنہ انیسؔ ودبیرؔ''شبلی نے انیسؔ اور دبیرؔ کی مرثیہ گوئی کی روایت میں کس طرح کے موازنہ کواُجاگر کیاہے؟

سوال نمبر۳۔ مقدمہ شعروشاعری میں حالؔی نے اُردو کی مختلف اصنافِ سخن پر کیا تجزیہ پیش کیاہے ؟

سوال نمبر۴۔ اردو میں تذکرہ نگاری کے پہلے دَور کی نمایاں خصوصیات کیا تھیں؟اورفارسی روایت کااس پر کیااثر تھا؟

سوال نمبر ۵۔ سوال نمبر ۵۔ جمالیاتی تنقید کی وضاحت کریں اور یہ بتائیں کہ اس میں کسی فن پارے کی دل کشی اور حسن کو پرکھنے کے لیے کن عوامل کا تجزیہ کیا جاتا ہے؟

## حصّہ (ب)

4x8=32

مندرجہ ذیل میں سے صرف چار سوالات کے جوابات دیجیے۔ ہر سوال ۸ رنمبرات کا ہے۔

سوال نمبر ا۔ تذکرہ نویسی سے کیا مراد ہے؟ اور اس کا بنیادی مقصد کیا ہوتا ہے؟

سوال نمبر ۲۔ کلیم الدین احمد کی کتاب ''اُردو شاعری پر ایک نظر'' میں انہوں نے شاعری کے معیار کے بارے میں جو خیالات پیش کیے، ان پر اردو کے ادبی حلقے کا ردِ عمل کیا تھا؟

سوال نمبر ۳۔ افلاطون اور ارسطو کے درمیان تنقید کے مفہوم میں جو اختلافات تھے ان کا ادب کی ترقی پر کیا اثر پڑا؟

سوال نمبر ۴۔ ترقی پسند ناقدین میں سے چار ایسے اہم ناقدین کے نام لکھیں جنہوں نے ادب کی تخلیق میں سماجی حقیقت پسندی اور مارکسی نظریات کو اہمیت دی؟

سوال نمبر ۵۔ عربی، فارسی اور سنسکرت تنقید کے اصولوں میں کون سے نمایاں فرق اور مشترک پہلو موجود ہیں؟ ان پر مختصر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر ۶۔ سائنٹفک تنقید کی زبان اور اس کے بنیادی اُصول کیا ہیں؟ سائنٹفک تنقید میں شاعرانہ اور رنگین زبان کی کیوں گنجائش نہیں ہوتی؟

سوال نمبر ۷۔ جدید تنقید کے مختلف نظریات میں سے نظریاتی تنقید اور عملی تنقید میں کیا بنیادی فرق ہے؟

سوال نمبر ۸۔ شمس الرحمٰن فاروقی تنقید میں ''ذوق'' کے کردار کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں اور کیوں وہ ذوق کو تنقیدی عمل میں بے کار سمجھتے ہیں